| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: مسجد |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یہ جان لیں کہ مسجد نماز پڑھنے کی جگہ ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے سوال کریں کہ وہ مسجد کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟ انھیں سوچنے کا موقع دیں۔ انھیں بتائیں کہ مسجد اللہ تعالیٰ کا گھر ہے۔ اور وہ جگہ ہے جہاں مسلمان باجماعت نماز ادا کرنے جاتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں **بسم اللہ الرحمن الرحیم** ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 17 کا پہلا پیراگراف درست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں۔ مشکل الفاظ کو دہرائیں اور ان کا مطلب واضح کریں۔
- طلبہ سے مسجد کے بارے میں پوچھیں کہ مسجد کسے کہتے ہیں۔ کون کون بچہ مسجد جاتا ہے؟ انھیں سوچنے کا موقع دیں اور ان کے جوابات غور سے سنیں۔
- تختہ تحریر پر مسجد کے لفظی معنی خوش خط لکھیں۔ ''سجدہ کرنے کی جگہ''
- طلبہ کو بتائیں کہ مسجد وہ پاک جگہ ہے جہاں اللہ تعالیٰ کی عبادت کی جاتی ہے۔
- انھیں بتائیں کہ زمین پر مبارک اور پاک حصّے مسجدیں ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا گھر اور اس کی پسندیدہ ترین جگہیں ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں کہ کسی جگہ، علاقے یا محلّہ میں مسجد کا ہونا اس بات کی علامت ہے کہ یہاں مسلمان رہتے ہیں۔ مسلمان دن میں پانچ بار مسجد میں نماز پڑھنے اکٹھے ہوتے ہیں۔ مسجد میں نماز پڑھانے والے کو ''امام'' کہتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اسلامی معاشرے میں مسجد کو خاص مقام حاصل ہے۔ دینِ اسلام کی پہلی مسجد 'مسجد قبا' ہے، جس کی بنیاد نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے قبا کے مقام پر رکھی۔
- طلبہ سے پوچھیں ان کے گھر کے قریب مسجد کا کیا نام ہے؟

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| عبادت | عِ۔ با۔ دَت | بندگی |
| مسجد | مَس۔ جِد | سجدہ کرنے کی جگہ |
| امام | اِ۔ مام | نماز پڑھانے والا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**


تختہ تحریر پر مشق میں دیے گئے پہلے دو سوالات کے جوابات خوش خط لکھیں۔ طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ ان جوابات کو کاپی میں اتاریں۔ اور جوابات کو لکھتے ہوئے ساتھ ساتھ پڑھیں تا کہ انھیں جواب یاد ہو جائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق گھر میں دہرائیں اور ورک شیٹ حل کریں۔

| سرگرمی برائے طلبہ: | 5منٹ |
| --- | --- |

مسجد کی تصویر میں رنگ بھریں۔



## ورک شیٹ(ہوم ورک)

| نام:________ | مضمون:اسلامیات | سبق:مسجد |
| --- | --- | --- |

سوال1: کالم الف کو کالم ب کے متعلقہ خانوں سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
| --- | --- |
| مسجد کے لغوی معنی ہیں | پانچ بار نماز ادا کرتے ہیں۔ |
| مسجد میں مسلمان اللہ تعالی کی | امام کہتے ہیں۔ |
| نماز پڑھانے والے کو | سجدہ کرنے کی جگہ۔ |
| مسجد میں مسلمان دن میں | عبادت کرتے ہیں۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 دُوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |
| باب دوم: ایمانیات وعبادات (ب) عبادات | | سبق کا نام: مسجد | |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یہ جان لیں کہ مسجد نماز پڑھنے کی جگہ ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے پہلے پڑھائے گئے سبق سے متعلق سوالات پوچھیں جیسے:

(الف) مسلمان عبادت کرنے کے لیے کہاں جاتے ہیں؟

(ب) مسجد کے کیا معنی ہیں؟

(ج) مسلمان دن میں کتنی بار نماز ادا کرتے ہیں؟

طلبہ کو بتائیں کہ مسجد کو اسلامی معاشرے میں بہت اہمیت حاصل ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 17 کا دوسرا پیراگراف درست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- طلبہ کو متن سادہ الفاظ میں سمجھائیں مشکل الفاظ کی دہرائی کروائیں اور ان کا مطلب واضح کریں۔
- طلبہ کو مسجد کی اہمیت کے بارے میں بتائیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کا گھر اور زمین پر اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ ترین مقام ہے۔
- مسجد کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ جب نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مدینہ ہجرت کی تو سب سے پہلے وہاں مسجد کی بنیاد رکھی۔ اس مسجد کو مسجد نبوی کہتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ مسجد میں مسلمان اللہ تعالیٰ کی عبادت کے علاوہ دین کی تعلیم بھی حاصل کرتے ہیں۔

- اس کے علاوہ مسجد وہ جگہ ہے جہاں مسلمانوں کو ایک دوسرے سے ملنے کا موقع ملتا ہے۔ جس سے آپس میں ہم دردی، اتفاق اور پیار و محبت بڑھتا ہے۔ وہ ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں شریک ہوتے ہیں اور ایک دوسرے کے کام آتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ مسجد کو دینی اعتبار سے بھی بہت اہمیت حاصل ہے قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ترجمہ: ”بیشک اللہ کی مسجدوں کو وہی آباد کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔“

(سورۃالتوبۃ: آیت نمبر 18)

- مسجد کی اہمیت کا اندازہ اس حدیث سے بھی لگایا جا سکتا ہے۔

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: ”جب کوئی بندہ ذکر و نماز کے لیے مسجد کو ٹھکانا بنا لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف رحمت کی نظر فرماتا ہے جیسا کہ جب کوئی غائب آتا ہے۔ تو اس کے گھر والے خوش ہوتے ہیں“۔

(سنن ابن ماجہ: حدیث: 800)

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5 منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| اہمیت | اَ۔ ہم۔ می۔ یت | مرتبہ |
| موقع | مَو۔ قَع | وہ جگہ جہاں کوئی چیز واقع ہو۔ |
| محبت | مَ۔ حَب۔ بت | پیار |
| دکھ سکھ | دُکھ۔ سُکھ | رنج وراحت |

**اعادہ:** **2 منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6 منٹ**

کتاب کے صفحہ نمبر 18 پر دی گئی 'اہم معلومات' کو تختہ تحریر پر خوش خط لکھیں اور طلبہ کو ان مساجد کی فضلیت کے بارے میں بتائیں۔ مشق کے جزو (2) خالی جگہ پُر کریں' کو کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

⇐ **طلبہ مسجد کی اہمیت سے متعلق ایک حدیث مبارکہ کو خوش خط لکھیں۔**

⇐ **استاد صاحب کی مدد سے لکھیں۔**

دنیا کی سب سے بڑی مسجد کا کیا نام ہے؟ اور یہ کہاں واقع ہے؟


______________________________

______________________________


## ورک شیٹ(ہوم ورک)

| نام:__________ | مضمون:اسلامیات | سبق:مسجد |
| --- | --- | --- |

اساتذہ کرام کی مدد سے مساجد کے نام لکھیں۔



..........................................................................



..........................................................................



..........................................................................

| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ایمانیات و عبادات (ب) عبادات | سبق کا نام: مسجد |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- یہ جان لیں کہ مسجد نماز پڑھنے کی جگہ ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں طلبہ سے پوچھیں کیا آپ کے گھر کے پاس کوئی مسجد ہے؟ کیا آپ وہاں جاتے ہیں؟ طلبہ سے مسجد کی اہمیت کے بارے میں پوچھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ چونکہ مسجد مقدّس جگہ ہے جہاں خدائے وحدہٗ لاشریک کی عبادت کی جاتی ہے اس لیے مسجد کے کچھ آداب بھی ہیں جن کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 17 کا آخری پیراگراف درست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں اور سبق کا متن سادہ الفاظ میں واضح کریں۔ مشکل الفاظ کو دہرائیں اور ان کا مطلب واضح کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ مسجد کے کچھ آداب ہوتے ہیں جن کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔
- مسجد کو ہمیشہ پاک صاف رکھنا چاہیے۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا: ”جس نے مسجد سے ایسی چیز باہر کر دی جس سے تکلیف ہوتی تھی (جیسے کوڑا کرکٹ، کانٹا، کنکر یا پتھر) تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں ایک گھر بنا دے گا۔“ (ابن ماجہ: عن ابی سعید: 757)
- مسجد میں پاک صاف کپڑے پہن کر اور باوضو داخل ہونا چاہیے۔
- مسجد میں دنیاوی باتوں سے پرہیز کرنا چاہیے اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے رہنا چاہیے۔ مسجد میں پیاز، لہسن یا کوئی بدبودار چیز کھا کر جانے سے پرہیز کرنا چاہیے۔
- مسجد میں جہاں جگہ ملے وہیں بیٹھ جانا چاہیے اور کسی نمازی کے آگے سے نہیں گزرنا چاہیے۔

- طلبہ کو تلقین کریں کہ وہ ان آداب پر عمل کریں اور دوسروں کو بھی بتائیں کیوں کہ مسجد کا ادب واحترام ہم سب پر لازم ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| ذکر | ذِکرُ | زبان اور دل سے خدا کی یاد |
| تلاوت | تِ۔لا۔وَت | قرآن مجید پڑھنا |
| ہمیشہ | ہَ۔مے۔شہ | سَدا |
| احترام | اِح۔تے۔رام | عزّت |
| لازم | لا۔زِم | فرض |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

تختہ تحریر پر مشق سوال نمبر 3 کا جواب لکھیں اور طلبہ کو کاپیوں پر اتارنے کی ہدایت دیں۔ مشق کے جزو (3) کو کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں اور ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کیا آپ مسجد جاتے ہیں؟ کیا آپ مسجد کے آداب کا خیال رکھتے ہیں؟ اپنے ساتھیوں سے گفت گُو کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:__________ | مضمون: اسلامیات | سبق: مسجد |
|---|---|---|

مسجد کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔